# 01-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی کابینہ نے پی ایم فصل بیمہ یوجنا اور زرعی انشورنس اسکیم کو سال 26-2025ء تک برقرار رکھنے کو منظوری دی ہے۔

۲۔ریاستی وزیر صحت نے کہا ہے کہ تلنگانہ بھر میں محکمہ انسداد منشیات کو مستحکم کیا جائے گا۔

۳۔بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی آر، فارمولہ ای ریس معاملہ میں اس ماہ کی 7 تاریخ کو ای ڈی کے روبرو حاضر ہوں گے۔

اور

۴۔پردھان منتری سمردھی یوجنا کے تحت منظور کردہ موبائل فش ریٹیل آوٹ لیٹس پرسوں استفادہ کنندگان میں تقسیم کئے جائیں گے۔

○○

بھارت راشٹرسمیتی کے کارگزار صدر و سابق ریاستی وزیر کے ٹی راما راؤ، فارمولا ای۔ریس کے معاملہ میں جس کے تحت ایک بیرونی کمپنی کو 55 کروڑ روپے منتقل کئے گئے تھے، اس ماہ کی 7 تاریخ کو انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہوں گے۔اس کیس میں ای ڈی کی جانب سے اس سے پہلے کے ٹی آر کو سمن جاری کیا جاچکا ہے جبکہ بلدی نظم ونسق اور اربن ڈیولپمنٹ محکمہ کے پرنسپال سکریٹری اروند کمار اور حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے چیف انجینئر بی ایل این ریڈی کو بھی بالترتیب کل اور پرسوں حاضر ہونے کے لئے کہا گیا ہے۔حیدرآباد میں سال 2023ء میں منعقدہ فارمولہ ای کار ریس میں ہوئی مالی بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں اے سی بی نے ایک ایف آئی آر داخل کی تھی جس کی بنیاد پر ای ڈی کی جانب سے اس معاملہ کی تحقیقات کی جارہی ہے۔

○○

ریاست تلنگانہ میں سال 2024ء کے دوران موٹر وہیکل ایکٹ کے تحت مختلف خلاف ورزیوں کے 1.7 لاکھ معاملات میں محکمہ ٹرافک پولیس کو 535 کروڑ روپے بطور چالان حاصل ہوئے ہیں۔بہرحال گزشتہ برس کے مقابلہ میں یہ معاملات قدرکم ہے۔ریاستی محکمہ ٹرافک پولیس کی جانب سے جاری کردہ سالانہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ برس ٹرافک کے 1.5 کروڑ خلاف ورزیوں کے واقعات درج کئے گئے اور بطور جرمانہ 540.91 کروڑ روپے حاصل کئے گئے۔ریاست میں درج کردہ کیسس کے منجملہ دو دہائی معاملات تینوں کمشنریٹ یعنی حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ میں شامل ہیں۔ٹریفک پولیس نے ایک سال کے دوران شہر حیدرآباد میں حالت نشہ میں گاڑی چلانے کے سلسلہ میں 55 ہزار 234 کیسس درج کئے اور 10.69 کروڑ روپے رقم بطورِ جرمانہ وصول کی۔

○○

ہندوستانی فوج کی جانب سے پرسوں حیدرآباد کے تاریخی قلعہ گولکنڈہ میں ''اپنی فوج کو جانیں'' کے زیرعنوان ایک میلہ کا انعقاد کیا جائے گا۔یہ پروگرام، تلنگانہ اور آندھراپردیش علاقوں کے ہیڈکوارٹرس، آرٹیلری سنٹر کی زیرسرپرستی منعقد ہوگا۔اس طرح اس پروگرام کے ذریعہ آرمی ڈے پریڈ 2025ء کا آغاز ہوگا۔ ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ اِس انفرادی نوعیت کے پروگرام سے شہریوں کو ہندوستانی فوج کے تعلق سے جاننے کا موقع ملے گا۔

○○

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی ریلوے پروٹیکشن فورس ( آر پی ایف ) نے کہا ہے کہ اس نے جرائم اور نظم وضبط کو نافذ کرنے کے لئے مختلف آپریشن شروع کئے ہیں۔آپریشن ریل سرکشا کے تحت آر پی ایف کی جانب سے 367 کیسوں میں 674 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا اوران کے قبضہ سے 83.31 لاکھ روپے مالیتی مسروقہ اشیاء ضبط کی گئی۔اس کے علاوہ چوری کے واقعات میں بھی 460 افراد کو گرفتار کیا گیا اوران کے قبضہ سے مسروقہ مال برآمد کیا گیا۔آر پی ایف کے مطابق اس نے آپریشن ننھے فرشتے کے تحت ایک ہزار 385 بچوں کو بھی چھوڑایا جن میں 240 لڑکیاں شامل ہیں۔اسی طرح انسانوں کی اسمگلنگ میں ملوث 264 افراد کے قبضہ سے 491 افراد کو رہا کرایا گیا اور 2 ہزار 311 اعشاریہ 31 کلوگرام خشک گانجہ ضبط کرنے کے علاوہ مسافرین کی 2 ہزار 576 چوری کی گئی اشیاء انہیں لوٹا دی گئیں۔

○○

مرکزی کابینہ نے پی ایم فصل بیمہ یوجنا اور زرعی انشورنس اسکیم کو سال 26-2025ء تک برقرار رکھنے کو منظوری دی ہے۔ کابینی میٹنگ کے بعد آج نئی دہلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اسکیم کے لئے مختص کردہ جملہ رقم میں اضافہ کرتے ہوئے 69 ہزار 515 کروڑ روپے کردیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت 88 فیصد انشورنس شدہ کسان چھوٹے اوراوسط درجہ کے ہیں۔ویشنو نے مزید بتایا کہ 57 فیصد انشورنس شدہ کسانوں کا تعلق او بی سی ،ایس سی اور ایس ٹی طبقہ سے ہے۔

○○

تلنگانہ حکومت نے شب معراج کے موقع پر تعطیل کا اعلان کیا ہے۔شب معراج اسلامی مہینہ رجب کی 27 تاریخ کو منائی جاتی ہے۔ریاستی حکومت کے کیلنڈر میں 28 جنوری کو شب معراج کی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔اسے اختیاری تعطیل کی نوعیت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اگر آج چاند نظر نہیں آتا تب تعطیل کی تاریخ بدل کر 29 جنوری کو ہوسکتی ہے۔

○○

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے ایم ایم ٹی ایس سرویس کے لئے ایک نیا ٹائم ٹیبل جاری کیا ہے جس پر آج سے عمل ہوگا۔اس وقت جملہ 88 ایم ایم ٹی ایس خدمات کارکرد ہیں۔ایم ایم ٹی ایس ٹرینوں کے اوقات میں مسافرین کے سفر کرنے کے وقت اورنئی متعارف کردہ وندے بھارت ٹرینوں کے مطابق تبدیلی کی گئی ہے۔

○○

تجارتی پکوان گیس سلنڈر کی قیمت میں 14 روپے 50 پیسے کی کمی کی گئی ہے۔ دہلی میں اب 19 کلوگرام سلنڈر کی قیمت ایک ہزار 804 روپے ہوگی۔اسی طرح ممبئی میں اس کی قیمت ایک ہزار 756،کولکتہ میں ایک ہزار 911 اور چینائی میں ایک ہزار 966 روپے ہوگی۔گھروں میں استعمال کی جانے والی پکوان گیس کی قیمتوں میں تاہم کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔اس کی قیمت 14.2 کلوگرام سلنڈر کے عوض 803 روپے ہوگی۔

○○

مرکزی حکومت نے ڈی اے پی فرڈیلائزر کے ون ٹائم اسپیشل پیکیج میں توسیع کو منظوری دی ہے۔ اس کی قیمت فی میٹرک ٹن 3500 روپے ہوگی۔یہ فیصلہ کسانوں کی سہولت کے لئے کیا گیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کسان،ڈی اے پی کو ایک ہزار 350 روپے کی قیمت میں حاصل کرتے رہیں گے۔

○○

تلنگانہ کے وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج کہا ہے کہ ریاست بھر میں محکمہ انسداد منشیات کو مستحکم بنایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ممنوعہ اور نقلی دواؤں کو روکنے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں۔اس کے علاوہ ایم آر پی کی خلاف ورزی غیر قانونی فروخت اور دواؤں کے ریاکٹس میں ملوث افراد کے خلاف بھی سخت کارروائی پر زور دیا گیا۔حیدرآباد میں آج محکمہ انسداد منشیات کی سالانہ رپورٹ جاری کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ 2024ء کے دوران 573 کیسس درج کئے گئے جبکہ سال 2023ء میں درج کردہ ان کیسوں کے تعداد صرف 56 تھی۔انہوں نے عہدیداروں کو نقلی دواؤں کے تعلق سے عوام میں شعور بیداری پیدا کرنے پر بھی زور دیا۔اس موقع پر ڈائرکٹر جنرل ڈرگس کنٹرول ایڈمنسٹریشن کملاہاسن ریڈی بھی موجود تھے۔

○○

پولیس نے کل شب حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں حالت نشہ میں گاڑی چلانے کے سلسلہ میں 2 ہزار 873 افراد کے خلاف کیس درج کیا۔سخت نگرانی کے دوران حیدرآباد میں سال نو کی تقاریب کے دوران کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔تینوں کمشنریٹ حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کے حدود میں حالت نشہ میں گاڑی چلانے والوں کی جانچ کی گئی۔محکمہ ٹرافک اور پولیس کی جانب سے مختلف جنکشنوں اور فلائی اوورس پر چک پوسٹس قائم کئے گئے تھے۔

○○

اسی دوران کے ٹی آر نے کہا کہ وہ اے سی بی اور ای ڈی کی جانب سے موصولہ نوٹسوں کا قانونی طور پر جواب دیں گے۔انہوں نے اس سلسلہ میں فارمولہ ای ریس کا حوالہ دیا۔

○○

پنچایت راج اور دیہی ترقیات کی وزیر انوسویا سیتااکا پرسوں پرجا بھون میں منعقد شدنی ایک پروگرام کے دوران استفادہ کنندگان کو موبائل فش ریٹیل آوٹ لیٹس حوالہ کریں گی۔ یہ آوٹ لیٹس، پردھان منتری متسیا سمرودھی یوجنا اور نیلے انقلاب کے تحت جاری کئے جائیں گے۔اس موقع پر استفادہ کنندگان کو مختلف بینکوں سے منظورہ قرضہ جات بھی دئے جائیں گے۔